© rasailojaraid.com

ہو۔ جس کا مسند الیہ منفی بہ لاہو۔ وغیرہ وغیرہ۔ اس طرح اگر نحو کے مبتدی کو فن کے مسائل کے ساتھ ساتھ یہ کتاب پڑھائی جائے تو اس سے اس کو شروع سے ہی جوامع الکلم نبوی کے ساتھ مناسبت اور انسیت پیدا ہو جائے گی اور اس کا فائدہ ادبی بھی ہوگا اور اخلاقی بھی۔ اصل متن کے ساتھ حواشی بھی جگہ جگہ ہیں اور کافی مفصل ہیں۔ ان کی وجہ سے کتاب کی افادیت دو چند ہوگئی ہے۔ یہ کتاب اس لائق ہے کہ مفید الطالبین کی جگہ مدارسِ عربیہ کے نصاب میں داخل ہو۔

ڈھائی ہفتہ پاکستان میں از مولانا عبد الماجد دریابادی تقطیع خورد ضخامت ۱۰۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت دو روپے۔ پتہ:۔ صدق جدید بک ایجنسی کچہری روڈ لکھنؤ۔

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ پاکستان کے سفر کی روئداد ہے جس میں صرف ڈھائی ہفتہ صرف ہوئے۔ سفرنامہ خواہ کسی کا بھی ہو دلچسپ ہوتا ہے اور پھر مولانا تو یوں بھی جس چیز پر قلم اٹھاتے ہیں اس میں جان سی ڈالتے ہیں۔ اور اپنے مشاہدات و محسوسات کے بیان کرنے میں کسی کی رو رعایت نہیں کرتے۔ سماجیات کے صاحبِ بصیرت نقاد ہیں، ان سب امور کے جمع ہو جانے کی وجہ سے یہ سفرنامہ بے حد دلچسپ بھی ہے اور سبق آموز بھی۔ ادبی اور سماجی تنقید دونوں کے لحاظ سے اردو زبان کے سفرناموں میں اس کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے اس سفرنامہ کو پڑھ کر خیال آیا کہ اگر مولانا تین چار مہینوں کے لئے یورپ اور امریکہ کا دورہ کرائیں۔ اور محض ایک سیاح کی حیثیت سے وہاں کی ہر چیز کا بہت قریب سے مشاہدہ کریں۔ وہاں کی سماجی اور معاشرتی زندگی کا اچھا اور برا ایک ایک پہلو دیکھیں اور پھر اپنا سفرنامہ مرتب فرمادیں تو ہماری رائے ہیں وہ صرف اردو زبان کا نہیں بلکہ موجودہ عالمی ادبیات کا ایک بڑا عجیب وغریب شاہکار ہوگا۔ لوگ اسے پڑھیں گے اور جھومیں گے۔ کسی کے منہ سے آہ نکلے گی اور کوئی واہ کہ اٹھے گا۔

رسول اللہ کی باتیں

ا از جناب شیخ محمد اسمٰعیل پانی پتی تقطیع خورد ضخامت ۹۶ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت ۱۲ر پتہ:۔ حالی بک ڈپو رام گلی ۳ لاہور۔ اس کتاب میں بچوں کے لئے ۹۶ چھوٹی چھوٹی حدیثیں جن میں اخلاقی اور صفائی ستھرائی کے متعلق احکام وارشادات ہیں۔ مع اُردو ترجمہ و تشریح کے ہر صفحہ پر

© rasailojaraid.com